PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پریس ریلیز: (بروزبدھ، مورخہ 31 مئی، 2023)

یواین سی آر کے وفد کی ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے سے مستقبل کے منصوبوں پر تبادلہ خیال۔

پشاور: اقوام متحدہ ہائی کمشنر برائے مہاجرین (یواین ایچ سی آر) کے وفد نے روبینہ شاہین، ایویلیوایشن ایکسپرٹ کی قیادت میں پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، (پی ڈی ایم اے) پشاور ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جنت گل آفریدی کی زیر صدارت اہم منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔
اجلاس میں میں سیلاب کے دوران چیلنجز اور اس کے نتیجے میں امداد اور بحالی کی کوششوں کے حوالے سے تجربات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔
ڈائریکٹر جنرل جنت گل آفریدی نے سیلاب 2022 کے دوران یواین ایچ سی آر کی طرف سے امدادی سامان اور ٹیکنیکل سپورٹ پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ قدرتی آفات کے دوران آبادی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پی ڈی ایم اے کے عزم کا اعادہ کیا۔
پی ڈی ایم اے اور یواین ایچ سی آر کے وفد نے آفات کے خطرے میں کمی اور ہنگامی رد عمل میں اپنی شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے قبل از وقت انتباہی نظام کو مزید بہتر بنانے اور مستقبل کی آفات کے اثرات کو کم کرنے کے لیے اقدامات کو بڑھانے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔
ڈی جی پی ڈی ایم اے نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پی ڈی ایم اے حکومتی پالیسی کے مطابق بین الاقوامی اداروں کی حمایت جاری رکھے گی۔
پی ڈی ایم اے اور یواین ایچ سی آر کے وفد نے تعاون کو مضبوط بنانے اور متاثرہ کمیونٹیز کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے عزم کو تقویت دینے کے لیے مل کر کام کرنے پر زور دیا۔

پی ڈی ایم اے، میڈیا سیل